PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 9اپریل2024

ان تمام سیاسی جماعتوں، جنہوں نے عام انتخابات 2024 میں حصہ لیا تھا کو اطلاع دی جاتی ہے کہ وہ الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 211اور الیکشن رولز 2017 کے رول 161 کے تحت کامیاب امیدواروں کے نوٹیفکیشن کے اجراء کے 60دنوں کے اندر اندر اپنی انتخابی مہم کے اخراجات اور عطیات (دس لاکھ روپے) کے برابر اور زائد دینے والوں کی تفصیلات الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد میں جمع کروانے کی پابند ہیں۔اس حوالے سے تمام سیاسی جماعتوں کو نوٹس جاری کیا جاتا ہے کہ وہ اپنی انتخابی مہم کے اخراجات اور مبلغ دس لاکھ روپے کے برابر یا زائد عطیات دینے والوں کی تفصیلات مجوزہ فارم 68 پر الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد مورخہ 22اپریل2024 سے پہلے جمع کروادیں۔ وگرنہ الیکشن کمیشن آف پاکستان ان سیاسی جماعتوں کے انتخابی نشانات واپس لینے کا اختیار رکھتا ہے۔

ترجمان الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING